الیکشن کمیشن آف پاکستان

مورخہ 16نومبر2018

....

عوام الناس اور رائے دہندگان کی سہولت کے پیش نظر الیکشن کمیشن آف پاکستان کے تمام دفاتر میں قائم مراکز معلومات و شکایات اور دفاتر ضلعی الیکشن کمشنر / رجسٹریشن آفسر 31دسمبر 2018تک ہفتہ اور اتوار کے دن کھلے رکھنے کا فیصلہ .

لہذا ہفتہ 17نومبر اور اتوار 18نومبر 2018کو یہ مراکز کھلے رہیں گے .

الیکشنز ایکٹ 2017کے سیکشن 27 کے مطابق اب انتخابی فہرست میں ووٹ کا اندراج صرف شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ پر کروایا جاسکتا ہے .

ایسے تمام رائے دہندگان جن کے نام انتخابی فہرستوں میں ان کے شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے علاوہ کسی دیگر پتہ کے مطابق درج ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ مندرجہ بالا ایکٹ کی روشنی میں 31دسمبر 2018تک اپنے ووٹ اپنے شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے مطابق منتقل کروالیں .

ووٹ کے اندراج اور منتقلی کے لیے فارم نمبر 21 الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائیٹ یا رجسٹریشن افسر / ضلعی الیکشن کمشنر کے دفاتر سے حاصل کیے جاسکتے ہیں.

درخواست گزار اپنے فارم کے ساتھ اپنے شناختی کارڈ کی اصل کاپی لازمی منسلک کریں اور ہر طرح سے مکمل فارم متعلقہ رجسٹریشن افسر / ضلعی الیکشن کمشنر کے دفتر میں جمع کروائیں.

سرکاری ملازم اور اہل خانہ (خاوند/بیوی اور بچے) اپنے ووٹ کا اندراج شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے علاوہ ایسے پتہ پر بھی کرواسکتے ہیں جہاں پر ملازمت کی وجہ سے عارضی رہائش اختیار کی گئی ہو۔

واضح رہے کہ الیکشن رولز 2017کے مطابق فارم نمبر 21 درخواست گزار بذاتِ خود جمع کروائے گا، بصورت دیگر فارم اختیار نامہ کے ساتھ بذریعہ اپنے والد، والدہ، خاوند/بیوی، بیٹے/دختر بھی جمع کروایا جاسکتا ہے۔

رائے دہندگان اپنے ووٹ کے اندراج کی تفصیلات جاننے کے لیے اپنا شناختی کارڈ نمبر 8300پر ایس ایم ایس کریں.

تمام اضلاع میں قائم مراکز معلومات و شکایات اور دفاتر ضلعی الیکشن کمشنرز کی فہرست الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائیٹ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

رائے دہندگان سے گزارش ہے کہ 31دسمبر 2018تک اپنے ووٹ کے اندراج کو اپنے شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے مطابق یقینی بنائیں .

....